**16.04.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**(Music)**

---

☆ سپریم کورٹ نے نئے وقف قانون کے سلسلے میں سماعت کی۔ اِس معاملے پر کل بھی سماعت ہوگی، کیونکہ مرکز نے جواب پیش کرنے کیلئے مزید وقت طلب کیا ہے۔

☆ ED نے رابرٹ واڈرا سے ہریانہ میں ایک زمین کی خریداری کے سلسلے میں کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے کے سلسلے میں آج دوسرے دن بھی پوچھ تاچھ کی۔

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے نیشنل ہیرالڈ معاملے میں سونیا گاندھی اور راہل گاندھی کے خلاف ED کی چارج شیٹ پر نچلی سطح کی سیاست کرنے کا الزام لگایا ہے۔

☆ بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنّہ نے اگلے چیف جسٹس کے طور پر جسٹس بی آر گوائی کے نام کی سفارش کی ہے۔

☆ پچھلے مالی برس میں خردہ افراطِ زر کم ہوکر 4 اعشاریہ 6 فیصد ہوگئی۔ 2018 سے 6 برسوں میں یہ سب سے کم ہے۔

☆ عالمی صحت تنظیم کے ممبر ملکوں نے مستقبل کی وبائی بیماریوں کیلئے دنیا کو تیار رہنے کے سلسلے میں ایک تاریخی معاہدے کو قطعی شکل دے دی ہے۔

☆ اور IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں
دلّی کیپٹلس اور راجستھان رائلس کے درمیان دلّی میں میچ جاری ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## SC Waqf Law

سپریم کورٹ نے آج وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کو چیلنج کرنے والی کئی عرضداشتوں کی سماعت کرتے ہوئے کوئی عبوری حکم جاری نہیں کیا۔ مرکز نے سپریم کورٹ کی جانب سے اٹھائے گئے تین نکات پر اپنے دلائل تیار کرنے کی

غرض سے مزید وقت طلب کیا ہے۔ سپریم کورٹ کل اِس معاملے کی سماعت کرے گا۔

چیف جسٹس سنجیو کھنّہ اور جسٹس سنجے کمار اور کے وی وشواناتھن پر مشتمل ایک بنچ نے مرکز کی جانب سے پیش ہونے والے سولیسٹر جنرل تشار مہتا سے سوال کیا کہ ’’استعمال کرنے والے کی جانب سے وقف‘‘ کو کس طرح نامنظور کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ کئی افراد ایسے ہوں گے، جن کے پاس اس طرح کے اوقاف کو رجسٹر کرانے کیلئے درکار دستاویزات نہیں ہوں گے۔

تین ججوں پر مشتمل بنچ نے نئے وقف قانون کو چیلنج کرنے والی عرضداشتوں پر عبوری فیصلہ دئے جانے کے بارے میں غور کیا۔ بنچ نے تین اہم نکات اٹھائے۔ وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کو چیلنج کرنے والی عرضداشتوں کی سماعت کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے کہا کہ عدالتوں کی جانب سے جن املاک کو وقف قرار دیا گیا ہے، انہیں ڈی نوٹیفائی نہیں کیا جاسکتا، چاہے وہ ’’استعمال کرنے والے کی جانب سے وقف‘‘ قرار دی گئی ہوں یا ’’Deed کے ذریعے وقف قرار دی گئی ہوں‘‘۔

عدالت نے مزید کہا کہ وہ ترمیمی ایکٹ کی اِس شق کے متعلق حکم دے گی کہ اُس شق پر عمل آوری نہ کی جائے، جس کے مطابق کسی وقف املاک کو اِس صورت میں وقف نہیں سمجھا جائے گا، کہ کلکٹر اِس بات کی انکوائری کررہے ہوں کہ آیا کہ یہ جائیداد سرکاری زمین تو نہیں ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ وہ یہ حکم بھی دے گی کہ وقف بورڈوں اور سینٹرل وقف کونسل کے سبھی ممبر سوائے Ex-Officio ممبروں کے مسلمان ہی ہونے چاہئیں۔×

## ED-Robert Vadra

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ ED نے ہریانہ میں ایک زمین کی خرید و فروخت سے وابستہ معاملے میں کالے دھن کو جائز بنانے کے سلسلے میں آج لگاتار دوسرے دن رابرٹ واڈرا سے پوچھ تاچھ کی۔ نئی دلّی کے ED آفس میں اُن سے پوچھ تاچھ کی گئی۔ ایجنسی نے جناب واڈرا سے پوچھ تاچھ کیلئے کل ایک بار پھر پیش ہونے کو کہا ہے۔ یہ معاملہ جناب واڈرا کی کمپنی کی جانب سے گروگرام میں ایک زمین خریدے جانے سے متعلق ہے۔×

## BJP-Congress

BJP نے آج نیشنل ہیرالڈ معاملے کے سلسلے میں کانگریس کی سخت نکتہ چینی کی۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے BJP کے ترجمان سدھانشو ترویدی نے کانگریس کے اِس دعوے کو، کہ یہ معاملہ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے اختیارات سے باہر ہے، یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا کہ یہ کاروباری لین دین کی ایک واضح مثال ہے۔

BJP لیڈر نے مزید کہا کہ 2013 میں، جب UPA کی حکومت تھی، تب دلّی ہائی کورٹ کی جانب سے دیئے گئے ایک حکم نامے کے بعد اِس معاملے کی تحقیقات کی جارہی ہے۔ جناب ترویدی نے مزید کہا کہ نیشنل ہیرالڈ کا معاملہ بھارت کی تاریخ میں ایک عجیب و غریب معاملہ ہے کہ جس میں ہزاروں کروڑ روپے کی ایک کمپنی کو صرف 90 کروڑ روپے میں حاصل کیا گیا۔

S/B - Sudhanshu Trivedi

اِدھر کانگریس اپنے سینئر لیڈروں کے خلاف داخل چارج شیٹ کے سلسلے میں ملک گیر پیمانے پر احتجاج کررہی ہے۔ پارٹی نے ED کی کارروائی کو انتقامی سیاست قرار دیا ہے۔ کل ED نے دلّی کے راؤز ایوینیو کورٹ میں نیشنل ہیرالڈ اخبار سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں سونیا گاندھی اور راہل گاندھی کا نام شامل کرتے ہوئے چارج شیٹ داخل کی تھی۔×

## Aswani Congress

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج نیشنل ہیرالڈ معاملے کے سلسلے میں کانگریس پر نچلی سطح کی سیاست کرنے کا الزام لگایا ہے۔ سونیا گاندھی اور راہل گاندھی کے خلاف ED کی چارج شیٹ پر کانگریس کے احتجاج کے بارے میں رشی کیش میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ کوئی سیاسی معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ بدعنوانی کا معاملہ ہے۔

S/B: Ashvani Veshnav

## Modi - Finland President

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج فن لینڈ کے صدر Alexander Stubb سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ اپنی گفتگو کے دوران دونوں لیڈروں نے یوکرین کی صورتحال سمیت باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمگیر معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں لیڈروں نے ڈیجیٹل کاری، پائداریت اور موبیلیٹی کے شعبوں سمیت دونوں ملکوں کے درمیان جاری شراکت داری کا بھی جائزہ لیا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ یوروپی یونین میں فن لینڈ ایک اہم شراکت دار ملک ہے۔

فن لینڈ کے صدر نے بھی بھارت یوروپی یونین کے درمیان گہرے تعلقات کیلئے اُن کے ملک کی جانب سے حمایت کا اظہار کیا۔ ساتھ ہی باہمی طور پر سود مند آزاد تجارت کے معاہدے تک جلد سے جلد رسائی کی بات بھی کی۔×

## Income Tax Bill Meeting

نئے انکم ٹیکس بل 2025 سے متعلق لوک سبھا کی منتخبہ کمیٹی نے نئی دلی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں آج ایک میٹنگ منعقد کی۔ اِس 31 رُکنی کمیٹی کی قیادت BJP کے ممبر پارلیمنٹ بیجناتھ پانڈا نے کی۔ یہ کمیٹی اپنی رپورٹ پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کے پہلے دن داخل کرے گی۔

انکم ٹیکس بل 2025 کا مقصد، انکم ٹیکس سے متعلق قانون کو اور زیادہ مضبوط کرنا اور اس میں ترمیم کرنا ہے۔ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے پہلے حصے کے دوران اِسے لوک سبھا میں متعارف کیا گیا تھا۔ بعد میں اِسے ایوان کی منتخبہ کمیٹی کو بھیج دیا گیا تھا۔ x

## CJI - Gavai

بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنّہ نے بھارت کے اگلے چیف جسٹس کیلئے جسٹس بی آر گوائی کے نام کی سفارش کی ہے۔ جسٹس گوائی سپریم کورٹ کے دوسرے سب سے زیادہ سینئر جج ہیں اور مرکزی وزارت قانون اُن کے

نام کی سفارش کرچکی ہے۔ موجودہ چیف جسٹس، جسٹس کھنّہ کی مدت کار اگلے ماہ کی 13 تاریخ کو ختم ہورہی ہے۔×

## Wavex 2025

میڈیا اور انٹرٹینمنٹ ٹکنالوجی کے شعبے میں اسٹارٹ اپس کیلئے بھارت کے اہم ترین پلیٹ فارم Wavex 2025 نے درخواست وصول کرنے کی آخری تاریخ بڑھا کر 21 اپریل کردی ہے۔ اطلاعات اور نشریات کی وزارت نے آج ایک بیان میں کہا ہے کہ وسیع تر شراکت داری کو فروغ دینے اور اختراعات کا موقع فراہم کرنے کی ایک کوشش کے طور پر اہلیت کے ضوابط میں بھی وسعت فراہم کی گئی ہے۔ Wavex ورلڈ آڈیو ویزوَل انٹرٹینمنٹ سمٹ Waves کا ایک انتہائی اہم حصہ ہے، جسے گیمنگ، انیمیشن، XR، میٹاوَرس، Generative AI اور کنٹینٹ سے متعلق ٹکنالوجی جیسے شعبوں میں کام کررہے اسٹارٹ اپس کیلئے اعلیٰ ترین نوعیت کے لانچ پیڈ کی حیثیت دی گئی ہے۔×

## India - Retail Inflation

مالی برس 25-2024 میں خردہ افراط زر کم ہوکر 4 اعشاریہ 6 فیصد ہوگیا، جو 2018 سے 6 برسوں میں کم ترین ہے۔ وزارت خزانہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ صارفین کی قیمت کے اشاریے CPI کی جانب سے کی گئی پیمائش کے مطابق مارچ 2025 کیلئے سال بہ سال کی افراطِ زر کی شرح کم ہوکر 3 اعشاریہ تین چار فیصد ہوگئی۔ اِس سے فروری 2025 کے مقابلے 27 بنیادی پوائنٹس کی گراوٹ کا اظہار ہوتا ہے اور اس طرح یہ اگست 2019 سے اب تک کی سب سے کم ماہانہ افراطِ زر کی شرح ہے۔

V/C - Pallavi Parmar

صارفین کی قیمت کا اشاریہ ایک انتہائی اہم اقتصادی اشاریہ ہے، جسے الگ الگ وقت پر خردہ قیمتوں کی عام سطح میں آنی والی تبدیلیوں کی پیمائش کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اشیاء اور خدمات، جن پر عموماً اخراجات کئے جاتے ہیں، کی طے شدہ ضرورتوں پر کنبوں کو کتنی رقم خرچ کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اِن میں غذا، لباس، مکان اور ایندھن شامل ہے۔

اِس حصولیابی پر بھارت کے ریزرو بینک کی ستائش کرتے ہوئے وزارتِ خزانہ نے کہا کہ یہ اعداد و شمار اقتصادی شرح کے فروخت کو برقرار رکھتے ہوئے قیمتوں کے بڑھنے کو روکنے کی پائیدار کوشش کا اظہار کرتے ہیں۔

اِس سے ریزرو بینک آف انڈیا کی ترقی نواز مالیاتی پالیسی کی اثر پذیری کا اظہار ہوتا ہے، جس نے قیمتوں کے استحکام اور اقتصادی توسیع میں کامیاب توازن قائم کیا ہے۔×

## WHO Agreement

عالمی صحت تنظیم WHO کے ممبر ملکوں نے 3 سال تک صلاح مشورے کے بعد دنیا کو مستقبل کی وبائی بیماریوں کیلئے تیار کرنے سے متعلق آج ایک تاریخی معاہدے کو قطعی شکل دی ہے۔ اِس معاہدے میں انضباطی طریقۂ کار کے ذریعے ٹیکنالوجی کی منتقلی، سمجھوتوں کی لائسنسنگ اور سازگار اقتصادی صورتحال پر زور دیا گیا ہے۔

اِس دوران اِس میں اِس بات پر بھی اتفاق کیا گیا ہے کہ کوئی بھی منتقلی باہمی طور پر قابل قبول ہونی چاہیے۔ اِس معاہدے میں وبائی بیماریوں کی روک تھام کیلئے One Health طریقۂ کار اور عالمی سپلائی چین اور لاجسٹک نظام قائم کرنا شامل ہیں۔ اب اِسے آئندہ مہینے غور و خوض کیلئے عالمی صحت اسمبلی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ x

## Mandaviya IMEC

محنت اور روزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے عالمی سطح پر مخصوص ہنر مند افرادی قوت کی مانگ کو پورا کرنے کیلئے بھارت میں ہنرمندی سے متعلق ایک تربیتی پلیٹ فارم قائم کیے جانے پر زور دیا ہے۔ نئی دلّی میں بھارت- مغربی ایشیا- یوروپ اقتصادی کوریڈور سے متعلق کانکلیو 2025 سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ بھارت، اِس کوریڈور کے ذریعے ہنرمند افرادی قوت فراہم کرکے نوجوانوں کی اپنی طاقت کو بڑھا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ساجھیدار ممالک، بھارتی یونیورسٹیوں میں تربیتی کورس متعارف کرسکتے ہیں اور باہمی طور پر ہنرمندی کے سرٹیفکیٹ فراہم کرسکتے ہیں۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ایسے پروگرام، نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کریں گے۔ x

## Goyal Starlink

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج امریکی کاروباری Elon Musk کی سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروس کمپنی Starlink کے ایک وفد سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب گوئل نے کہا کہ میٹنگ کے دوران Starlink کے جدید ٹیکنالوجی کے پلیٹ فارم، اُس کی موجودہ شراکت داریوں اور بھارت میں مستقبل کے سرمایہ کاری کے منصوبے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ x

## Puducherry PMMSY

ماہی پروری، مویشی پروری اور ڈیری محکمے کے مرکزی وزیر مملکت جارج کورین نے کہا ہے کہ گزشتہ 10 برس میں NDA حکومت کے دوران ملک میں مچھلی کی پیداوار، 95 لاکھ ٹن سے بڑھ کر 184 لاکھ ٹن ہوگئی ہے۔ وزیر موصوف آج پڈوچیری میں پردھان منتری متسے سَمپدا یوجنا کے تحت مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر رہے تھے۔ جناب کورین نے اعلان کیا کہ اِس اسکیم کے تحت پڈوچیری میں مچھلیوں کی 2 ہزار 300 کشتیوں میں Transponders نصب کیے جائیں گے۔ اِن Transponders سے ماہی گیروں کو اپنے کنبوں سے رابطہ کرنے، ہنگامی طور پر طبی مدد مانگنے، بین الاقوامی بحری حدود پار کرتے ہوئے الرٹ حاصل کرنے اور مچھلیوں کی دستیابی سے متعلق اصل معلومات حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

انہوں نے مزید کہا کہ ماہی گیر، اب کسان کریڈٹ اسکیم کے تحت 5 لاکھ روپے تک کا قرض حاصل کرسکتے ہیں۔ x

## Central Railway ATM

اپنی طرح کے اب تک کے پہلے اقدام کے تحت مرکزی ریلوے نے Mumbai-Manmad Panchavati ایکسپریس میں آٹومیٹڈ ٹیلر مشین ATM متعارف کی ہے۔ ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے اپنے X اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو شیئر کیا ہے، جس میں ایک مسافر کو چلتی ٹرین میں بینک آف مہاراشٹر کا ATM استعمال کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے سینٹرل ریلوے کے CPRO سوپنل Nila نے کہا کہ اِس اقدام کے تکنیکی پہلو کا جائزہ لینے کے بعد اِسے دیگر ریل گاڑیوں میں بھی متعارف کیا جائے گا۔ x

## Road Safety - Schools

مرکزی وزارتِ تعلیم سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت کے ساتھ مل کر ملک بھر کے اسکولوں میں سڑک سرکشا ابھیان کو وسعت دے گی۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا کہ سڑک حادثات اور غیر محفوظ ڈرائیونگ کی وجہ سے عالمی سطح پر لاکھوں لوگوں کی جانیں خطرے میں پڑ جاتی ہے۔ جناب پردھان نے کہا کہ وزارت اسکولی تعلیمی نظام کے ذریعے سڑک کی حفاظت کے اقدامات کے تعلق سے بیداری پیدا کرنے کے عمل کو فروغ دے گی۔ جناب پردھان نے سڑکوں کے تحفظ کے معاملے پر نئی دلّی میں سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری کے ساتھ ایک میٹنگ کی مشترکہ صدارت کی۔x

## Gold High

سونے کی عالمی قیمت آج پہلی بار 3 ہزار 300 ڈالر سے بھی زیادہ ہوگئی۔ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے امریکہ کی اہم ترین معدنیاتی درآمدات پر نئے امکانی ٹیرف کے سلسلے میں چھان بین کا حکم دئے جانے کے بعد سرمایہ کاروں نے اُن اثاثوں کی تلاش شروع کی، جو محفوظ سمجھے جاتے ہیں۔ اِدھر بھارت میں بھی سونے کی قیمت تاریخی سطح کو پار کرگئی اور ملک میں پیشگی خریداری کے بازار میں یہ پہلی مرتبہ 95 ہزار روپے سے زیادہ ہوگی۔x

## India Uzbekistan

چھٹی بھارت-ازبکستان مشترکہ فوجی مشق DUSTLIK کا آج مہاراشٹر کے پونے کے Aundh میں غیرملکی تربیتی مرکز میں آغاز ہوا۔ 60 اہلکاروں پر مشتمل بھارتی دستے کی نمائندگی جاٹ رجمینٹ کی ایک بٹالین اور بھارتی فضائیہ کر رہے ہیں۔ ازبکستان کے دستے کی نمائندگی، ملک کی فوج کے اہلکار کر رہے ہیں۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ مشترکہ فوجی مشق، بھارت اور ازبکستان میں باری باری ہونے والی سالانہ تربیت کا حصہ ہے۔ x

## Peru President

پیرو کے سابق صدر Ollanta Humala کو منی لانڈرنگ کے ایک معاملے میں 15 سال کی قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ راجدھانی Lima کی ایک عدالت نے اُنہیں 2006 اور 2011 میں اپنی انتخابی مہموں میں مدد کیلئے

وینزولا کی حکومت اور برازیل کی ایک تعمیراتی کمپنی سے غیر قانونی طور پر رقومات حاصل کرنے کا قصوروار پایا۔ اُن کی اہلیہ Nadine Heredia کو بھی منی لانڈرنگ کے معاملے میں قصوروار پایا گیا اور اُنہیں 15 سال قید کی سزا سنائی گئی۔ تاہم اُنہیں برازیل کے سفارتخانے میں پناہ حاصل کرنے کے بعد برازیل کیلئے محفوظ راستہ دے دیا گیا۔ اِس دوران اُن کے وکیل نے کہا ہے کہ وہ ان کی سزا کے خلاف اپیل کریں گے۔ x

## UTTARAKHAND TUNNELS

پوڑی گڑھوال میں جناسو کے درمیان T-8 اور T-8-M ٹنل رشی کیش کا کرن پریاگ ریل پروجیکٹ آج مکمل ہو گیا ہے۔ اس موقع پر ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی جانا سو میں ریل پروجیکٹ کے تحت موجودہ ٹنل پروگرام میں شرکت کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس کے ذریعہ علاقے میں آمد و رفت کا سلسلہ بڑھے گا۔x

## IPL Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں راجستھان رائلس اور ڈیلی کیپیٹلس کے درمیان میچ جاری ہے۔

ڈیلی کیپیٹلس نے راجستھان رائلس کی جیت کیلئے 189 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ ڈیلی کیپیٹلس نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ کے نقصان پر 188 رن بنائے۔ ٹیم کیلئے ابھیشیک Porel نے سب سے زیادہ 49 رن بنائے۔

اِس سے قبل راجستھان رائلس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ x

*******